لاہور، گوجرانوالا، راولپنڈی، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، ڈی جی خان، بہاولپور اور ساہیوال
کے تمام بورڈز سال 2014ء تا 2025ء کے حل شدہ پیپرز (پہلا اور دوسرا گروپ)

الرازی

# اَپ ٹو ڈیٹ پیپرز



تیاری
برائے امتحان
سال 2026ء

الرازی گیس پیپرز
100/100 فارمولا

9

## منفرد خصوصیات

- بلوم ٹیکسانومی سوالات پر مشتمل چیپٹر وائز اور ٹاپک وائز نوٹس
- پنجاب بھر کے بورڈز کے جاری کردہ نئے ماڈل پیپرز برائے سالانہ امتحان 2026ء کے مطابق تیار کردہ ANALYTICAL & CONCEPTUAL اسیسمنٹ پیپرز
- سال 2025ء کے تمام بورڈ پیپرز کا مکمل حل
- مشقی سوالات کا مکمل حل

# جنرل سائنس

# الرازی
# اَپ ٹو ڈیٹ
# مَاڈل پیپَرز
# جنرل سائنس

پنجاب بھر کے تمام بورڈز لاہور، گوجرانوالہ، راولپنڈی، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، ڈیرہ غازی خان
بہاولپور اور ساہیوال کے سال 25-2014ء کے حل شدہ پیپرز (پہلا اور دوسرا گروپ)

Knowledge | Understanding | Application | Analytical | Conceptual

کی بنیاد پر تیار کردہ

برائے تیاری امتحان
**2026ء**

# الرازی
## لیڈر سیریز

سالانہ امتحان میں مختصر وقت میں
100 فی صد کامیابی کے حصول
کے لیے الرازی $\frac{100}{100}$ فارمولا

# اپ ٹو ڈیٹ پیپرز

# جنرل سائنس 9

## منفرد خصوصیات:

- بلوم ٹیکسانومی پر مبنی چیپٹر وائز اور ٹاپک وائز لرننگ میٹیریل۔ (نوٹس)
- گزشتہ تمام بورڈز 2014ء تا 2025ء کے پرچہ جات کا لرننگ میٹیریل۔
- سابقہ بورڈز پرچہ جات کا مکمل حل

AL-RAZI PUBLICATIONS

# فہرست



| سیکشن نمبر | | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 چیپٹر وائز لرننگ میٹیریل | باب1 | سائنس کا تعارف اور کردار | 3 |
| | باب2 | ہماری زندگی اور کیمیا | 11 |
| | باب3 | بائیوکیمسٹری اور بائیوٹیکنالوجی | 19 |
| | باب4 | انسانی صحت | 27 |
| | باب5 | بیماریاں، وجوہات اور بچاؤ | 35 |
| | باب6 | ماحول اور قدرتی وسائل | 47 |
| 2 | بورڈ پرچہ جات 2025ء | | 57 |
| 3 | حل شدہ بورڈ پرچہ جات 2025ء | | 88 |
| 4 | الرازی $\frac{100}{100}$ فارمولا (کثیر الانتخابی اور مختصر سوالات پر مبنی) | | 116 |



رائٹنگ اینڈ کمپوزنگ: الرازی اکیڈمک ڈویلپمنٹ یونٹ (ADU)

AL-RAZI PUBLICATIONS

# یونٹ1: سائنس کا تعارف اور کردار

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر ٹاپک وائز تیار کیے گئے کثیر الانتخابی سوالات

(Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)

## 1.1 سائنس کی تاریخ

1. لفظ سائنس اخذ کیا گیا ہے: **(Knowledge)** [LHR-II-14,FSD-II-15,SWL-I-23][FSD-I-24]

A جرمن B لاطینی C یونانی D انگلش

## 1.2 اسلام میں سائنس کا تصور

## 1.3 مسلم اور پاکستانی سائنسدانوں کی خدمات

2. علم کیمیاء کا بانی کس کو کہا جاتا ہے؟ (یا) کیمسٹری کا بانی کون تھا؟ **(Knowledge)**

(یا) کیمیا کا بانی کہا جاتا ہے: [FSD-I,RWP-I-23]LHR-I-14,FSD-II-15,SGD-I-16,BWP-II-17,SWL-I-22][FSD-I-24]

A جابر بن حیان کو B البیرونی کو C بوعلی سینا کو D ابن الہیثم کو

3. پہلی دفعہ سلفیورک ایسڈ، نائٹرک ایسڈ اور ہائیڈروکلورک ایسڈ کس نے تیار کیا؟ **(Knowledge)** [BWP-I-23]

A محمد بن زکریا B البیرونی C جابر بن حیان D بوعلی سینا

4. جابر بن حیان کو ________ کا بانی کہا جاتا ہے۔ **(Knowledge)** [SWL-I-23]

A فزکس B علم کیمیاء C علم فلکیات D جیولوجی

5. زمین کا رداس (نصف قطر) جس نے دریافت کیا: **(Knowledge)** [GUJ-II-23]

A الرازی B البیرونی C بوعلی سینا D نیوٹن

6. محمد بن زکریا الرازی نے کیمیائی مرکبات کو گروپس میں تقسیم کیا: **(Knowledge)**
[SWL-II-16,SGD-II-18,MTN-II-22, LHR-II,DGK-II-23][GUJ-I,RWP-II,MTN-II-24]

A 1 B 2 C 3 D 4

7. تخمیر کے ذریعے الکوحل تیار کی: **(Knowledge)** [MTN-II-15,FSD-I-17,GUJ-II-22][LHR-II,BWP-II-24]

A البیرونی نے B بوعلی سینا نے C ڈاکٹر عبدالسلام نے D الرازی نے

8. پن ہول کیمرہ کس نے ایجاد کیا؟ **(Knowledge)** [LHR-I-14,FSD-I-15,MTN-II-16,SGD-I-17,BWP-I/II-23][LHR-I,SGD-II-24]

A بوعلی سینا B البیرونی C جابر بن حیان D ابن الہیثم

9. البیرونی کی شہرۂ آفاق کتاب کا نام ہے: **(Knowledge)**
[RWP-I/II-14,FSD-II-15,SGD-I-16, MTN-I/II-22,DGK,BWP-II-23][RWP-II,SGD-II,MTN-I-24]

A کتاب المناظر B الحاوی C الشفاء D تحریر الاماکن

10. وسطی ایشیا کے شہر خوارزم میں پیدا ہوئے: **(Knowledge)** [RWP-II-23]

A البیرونی B ابن الہیثم C جابر بن حیان D بوعلی سینا

11. ______ ایک مشہور ریاضی دان تھا۔ **(Knowledge)** [LHR-II-14,GUJ-II-15,SGD-I-17,FSD-I-22]

A البیرونی B نیوٹن C ڈاکٹر اشفاق احمد D رابرٹ

12. البیرونی نے زمین کا نصف قطر معلوم کیا: **(Knowledge)** [RWP-II-14,MTN-II-16,RWP-I-18][FSD-I-24]

A لاہور میں B کراچی میں C جہلم میں (پنڈ دادنخان) D ریاض میں

13. البیرونی نے ریاضی پر تقریباً ________ سے زائد کتابیں لکھیں۔ **(Knowledge)**
[BWP-II-15,RWP-I-17,DGK-II-22][SGD-I,MTN-II-24]

A 350 B 250 C 150 D 50

AL-RAZI PUBLICATIONS

14. البیرونی پیدا ہوئے: (Knowledge) [LHR-II-16,MTN-I-19,DGK-I,FSD-II-22]

A بصرہ میں B خوارزم میں C تہران میں D چکوال میں

15. البیرونی کے مطابق زمین کا نصف قطر ہے: (Analytical) [MTN-II-23][FSD-I,MTN-II-24]

A 5365 کلومیٹر B 6338 کلومیٹر C 6365 کلومیٹر D 7273 کلومیٹر

16. البیرونی کے اندازے اور زمین کے صحیح نصف قطر میں فرق ہے: (Analytical) [DGK-I-23]

A 15 کلومیٹر B 10 کلومیٹر C 8 کلومیٹر D 20 کلومیٹر

17. ''کتاب الشفاء'' کے مصنف کا نام ہے۔ (Knowledge) [LHR-II-14,MTN-II-17,DGK-I/II-21,FSD-I/II-19,SWL-I-23][BWP-I-24]

A بوعلی سینا B البیرونی C ابن الہیثم D جابر بن حیان

18. بوعلی سینا مسلم دنیا کا__________ کہلاتا ہے۔ (Knowledge) [GUJ-I-23]

A گیلیلیو B سقراط C ارسطو D ڈارون

19. ابن الہیثم کا تعلق سائنس کی شاخ سے ہے: (Knowledge) [GUJ-II-15,RWP-I/II-17,MTN-II-22,FSD-I-19,GUJ-II-19,SWL-II-19]

A آواز B حرارت C روشنی D کیمسٹری

20. نوبل انعام__________ کو ملا۔ (یا) واحد پاکستانی سائنسدان جس نے نوبل پرائز حاصل کیا: (Knowledge) [MTN-II-14,FSD-I/II-16, DGK-II-18,RWP-I-19,SGD-I-22, MTN-II-23][LHR-II,SWL-I-24]

A ڈاکٹر عبدالقدیر خان B ڈاکٹر ثمر مبارک مند C ڈاکٹر عبدالسلام D ڈاکٹر اشفاق احمد

21. ڈاکٹر عبدالقدیر خان کہاں پیدا ہوئے؟ (Knowledge) [SGD-II-23]

A کراچی B ملتان C بھوپال D ساہیوال

22. کس نے 28 مئی اور 30 مئی 1998ء کو چاغی کے مقام پر نیوکلیئر تجربات نہایت کامیابی کے ساتھ کیے؟ (Knowledge) [BWP-I-23]

A ڈاکٹر منیر B ڈاکٹر قدیر C ڈاکٹر اشفاق D ڈاکٹر ثمر

23. پاکستان ایٹمی طاقت بنا: (Knowledge) [FSD-II-14,MTN-II-16,DGK-I-18,GUJ-I/II-22][DGK-I-24]

A 1998ء میں B 1997ء میں C 1996ء میں D 1999ء میں

24. ڈاکٹر منیر احمد خان پیدا ہوئے: (Knowledge) [GUJ-II-14,MTN-I-17,SGD-II-22][RWP-I-24]

A 1926ء B 1928ء C 1930ء D 1932ء

25. ڈاکٹر عطاء الرحمٰن 1942ء میں کس شہر میں پیدا ہوئے؟ (Knowledge) [LHR-II-23]

A پشاور B لاہور C بمبئی D دہلی

26. ڈاکٹر عطاء الرحمان نے پی ایچ ڈی کی ڈگری__________ سے حاصل کی۔ (Knowledge) [DGK-I-23]

A مانتریال یونیورسٹی B آکسفورڈ یونیورسٹی C کیمبرج یونیورسٹی D پنجاب یونیورسٹی

27. ڈاکٹر عطاء الرحمٰن پیدا ہوئے: (Knowledge) [LHR-II-14,FSD-I-16,GUJ-I/II-18,DGK-II-19,MTN-I/II-22,SWL-II-22]

A 1940ء B 1942ء C 1944ء D 1946ء

## 1.4 سائنس کی شاخیں

28. مکینکس، حرارت، روشنی اور آواز کا تعلق سائنس کے جس شعبے سے ہے: (Understanding) [GUJ-II-14,SGD-II-17,FSD-II,MTN-I,II,DGK-I-22][GUJ-II,SWL-I-24]

A کیمسٹری B فزکس C علم الارض D فلکیات

29. پیمائش کی سائنس کہلاتی ہے: (Understanding) [RWP-I-15,SGD-II-23]

A فزکس B کیمسٹری C بیالوجی D زراعت

30. کیمسٹری کی مدد سے بائیولوجی کا مطالعہ کہلاتا ہے: (Application) [FSD-I-23]

A بائیوفزکس B بائیوکیمسٹری C جیوگرافی D جیوفزکس

.31 کیمسٹری میں مختلف اشیاء کی ماہیت، ترکیب اور ان کے ________ کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔
(Application) [SGD-II-17,MTN-I-19,DGK-I-22]

A کیمیائی خواص　B طبعی خواص　C A اور B دونوں　D ان میں سے کوئی نہیں

.32 بائی اوس کا مطلب ہے:
(Understanding) [RWP-II-23]

A ہوا　B مٹی　C پانی　D زندگی

.33 پودوں کے بارے میں علم کہلاتا ہے:
(Knowledge)
[RWP-I-14,GUJ-I-15,MTN-I-16,SGD-II-17,BWP-II-18,SWL-I, SGD-I/II-23]

A کیمیا　B فزکس　C زوالوجی　D باٹنی

.34 جانوروں کا مطالعہ کہلاتا ہے:
(Knowledge) [LHR-I-14,GUJ-II-15,RWP-I-19,MTN-I/II-22]

A بوٹنی　B زوالوجی　C فزیالوجی　D بائیوفزکس

.35 کائنات کا علم کہلاتا ہے۔ (یا) فلکی اجسام کا مطالعہ کہلاتا ہے:
(Knowledge) [LHR-I-14,MTN-II-15,DGK-I,SWL-II-22]

A کیمسٹری　B بائیولوجی　C علم فلکیات　D زوالوجی

.36 یہ اعداد اور پیمائش کا علم ہے:
(Knowledge) [DGK-II-23][RWP-I-24]

A فلکیات　B باٹنی　C ریاضی　D میڈیسن

.37 کھیتی باڑی کے طریقے، گوشت اور دودھ دینے والے جانوروں کو پالنے کا علم________ کہلاتا ہے:
(Application) [MTN-I-23]

A میڈیسن　B جیوگرافی　C زراعت　D فلکیات

.38 زمین کے مختلف حصوں کی گراف بندی کہلاتی ہے۔
(Application) [GUJ-I-15,FSD-II-17,MTN-I-19,DGK-II,RWP-I-22]

A جیوگرافی　B باٹنی　C آسٹرونومی　D ٹیکنالوجی

.39 اس میں زمین کی اندرونی ساخت اور دوسرے زمینی مظاہر کی فزکس کے قوانین سے وضاحت ہوتی ہے:
(Conceptual) [DGK-II-23]

A جیوفزکس　B بائیوفزکس　C آسٹروفزکس　D بائیوکیمسٹری

## 1.5 سائنس اور ٹیکنالوجی کا ہماری زندگی میں کردار
## 1.6 موجودہ سائنس کی حدود

.40 دورِ جدید کی اہم ایجاد ہے:
(Knowledge) [LHR-I-14,FSD-II-17,SGD-I,GUJ-I-19,BWP-II,SWL-I-22]

A ریڈیو　B کمپیوٹر　C ٹیلی فون　D ٹیلی ویژن

### جوابات

| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | .11 | A | .10 | D | .9 | D | .8 | D | .7 | D | .6 | B | .5 | B | .4 | C | .3 | A | .2 | B | .1 |
| B | .22 | C | .21 | C | .20 | C | .19 | C | .18 | A | .17 | A | .16 | B | .15 | B | .14 | C | .13 | C | .12 |
| D | .33 | D | .32 | A | .31 | B | .30 | A | .29 | B | .28 | B | .27 | C | .26 | D | .25 | A | .24 | A | .23 |
| | | | | | | | | B | .40 | A | .39 | A | .38 | C | .37 | C | .36 | C | .35 | B | .34 |

## محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر ٹاپ وائز تیار کیے گئے مختصر جوابی سوالات
**(Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)**

## 1.1 سائنس کی تاریخ

.1 اسلامی کیمیا گری کا دور کون سا دور تھا؟
(Knowledge) [RWP-I-23]

**جواب:** 600ء سے 1400ء سن عیسوی کا دور اسلامی کیمیا گری کا دور کہلاتا ہے۔ اس دور میں بہت سے لائق اور تحقیقی ذہن رکھنے والے لوگوں نے مادے کے خواص کا مشاہدہ کیا، نئے تجربات کیے گئے اور نئے ایلیمنٹس مثلاً آرسینک دریافت ہوا۔ اس کے کمپاؤنڈز کی خاصی بڑی تعداد بنائی گئی اور بہت سے تجرباتی آلات عملِ کشید

AL-RAZI PUBLICATIONS

مثلاً ریٹارٹ وغیرہ بنائے گئے۔ عملی کیمیا گری کے دور کو بجا طور پر مسلمان سائنسدانوں کا دور کہا جاتا ہے۔ انہوں نے پہلی مرتبہ علم کیمیا کو ایک تجرباتی سائنس کی حیثیت سے پیش کیا۔ اس دور میں اَن گنت تجربات کیے گئے اور بہت سے نئے کیمیائی عوامل دریافت ہوئے۔

**2. سائنس کی تعریف لکھیں۔** (Knowledge) **[SGD-I/II-23][DGK-II,MTN-I-24]**

**جواب:** سائنس ایک لاطینی لفظ Scientia سے اخذ کیا گیا ہے جس کے لغوی معانی حقائق کا اصلی شکل میں باقاعدہ مطالعہ کرنا ہے۔ سائنس کا بنیادی اصول مشاہدہ اور استدلال ہے۔

**3. سائنسی طریقہ کار کی تعریف کیجئے۔** (Knowledge) **[DGK-I-GUJ-II-RWP-II-23][RWP-II,MTN-II-24]**

**جواب:** سائنس کا بنیادی اصول مشاہدہ اور استدلال ہے۔ تجربات کی روشنی میں سائنسی قانون وضع کرنا سائنسی طریقہ کار کہلاتا ہے۔

**4. کائنات کے بارے میں یونانی فلاسفرز کے کیا تصورات تھے؟** (Conceptual) **[GUJ-II,FSD-II,SWL-I-23][DGK-II-24]**

**جواب:** یونانی فلاسفرز 500 قبل مسیح سے ہی سائنس میں دلچسپی لینے لگے۔ یونانی فلاسفرز نظریات کی تجرباتی تصدیق کے قائل نہ تھے۔

**یونانیوں کا نظریہ:** یونانی فلاسفرز دنیا میں چار ایلیمنٹس ہوا، پانی، مٹی اور آگ کے ملنے سے تمام اشیا کی بناوٹ کے قائل تھے۔ ان کا خیال تھا کہ ان چیزوں کے مختلف تناسب سے ایک چیز کو دوسری چیز میں ڈھالا جا سکتا ہے۔

## 1.2 اسلام میں سائنس کا تصور

**5. علم پر دو احادیث کا ترجمہ تحریر کیجئے۔** (Knowledge) **[GUJ-I-23][FSD-I,WP-II-24]**

**جواب:** **علم پر دو احادیث کا ترجمہ درج ذیل ہے:**

**حدیث نمبر 1:** (ترجمہ) "ہر مسلمان مرد اور عورت پر علم حاصل کرنا فرض ہے۔"

**حدیث نمبر 2:** (ترجمہ) "گود (پنگوڑے) سے قبر تک علم حاصل کرو۔"

## 1.3 مسلم اور پاکستانی سائنسدانوں کی خدمات

**6. جابر بن حیان کی کوئی سی دو کتابوں کے نام لکھئے۔** (Knowledge) **[LHR-II-23][LHR-II,SWL-I-24]**

**جواب:** جابر بن حیان کی دو مشہور کتابوں کے نام ''الخالص'' اور ''الکیمیا'' ہے۔

**7. کتاب ''الکیمیا'' کا ترجمہ کس نے اور کب پیش کیا؟** (Understanding) **[BWP-II-23][LHR-II-24]**

**جواب:** کتاب ''الکیمیا'' کا لاطینی ترجمہ ایک انگریز رابرٹ آف چیسٹر نے 1144ء میں کیا۔

**8. محمد بن زکریا الرازی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟** (Knowledge) **[RWP-II-23][RWP-I-24]**

**جواب:** محمد بن زکریا الرازی ایران کے شہر ''رے'' میں 865ء میں پیدا ہوئے۔

**9. الرازی کے دو اہم کارنامے لکھیں۔** (Knowledge) **[SGD-II-23]**

**جواب:** الرازی کے دو اہم کارنامے درج ذیل ہیں:

(i) محمد بن زکریا الرازی نے ہی سب سے پہلے چیچک اور خسرہ کے اسباب، علامات اور علاج کے بارے میں تفصیل سے روشنی ڈالی تھی۔

(ii) محمد بن زکریا الرازی نے مختلف کیمیائی مرکبات کو چار گروپوں میں تقسیم کیا جو کہ درج ذیل ہیں۔

(1) معدنیاتی (2) نباتاتی (3) حیواناتی (4) ماخوذ

**10. افیون کو کس سائنس دان نے سب سے پہلے اور کیونکر استعمال کیا؟** (Analytical) **[MTN-II-23][MTN-I,DGK-I-24]**

**جواب:** محمد بن زکریا الرازی بغداد کے ہسپتال کے سربراہ اور ایک ماہر سرجن بھی تھے۔ انہوں نے پہلی مرتبہ بے ہوش کرنے کے لیے افیون کا استعمال کیا۔

**11. سائنس کے میدان میں ابن الہیثم کی دو خدمات لکھئے۔** (Knowledge) **[GUJ-I-23][BWP-I-24]**

**جواب:** **سائنس کے میدان میں ابن الہیثم کی دو خدمات درج ذیل ہیں:**

(i) ابن الہیثم نے پن ہول کیمرہ ایجاد کیا۔

(ii) ابن الہیثم مرر اور لینز کے علاوہ ریفلیکشن اور ریفریکشن کے قوانین کا پہلا ماہر تصور کیا جاتا ہے۔

**.12 البیرونی نے کل کتنی کتابیں لکھیں؟ان کی مشہور کتاب کا نام لکھیے۔** (Knowledge) [GUJ-I-FSD-I-23]

**جواب:** البیرونی نے ریاضی کے موضوعات پر تقریباً150 سے زائد کتابیں لکھیں۔البیرونی کی مشہور کتاب کا نام"تحریرالاماکن" ہے۔

**.13 البیرونی کا پورا نام لکھیے۔** (Knowledge) [MTN-I-23]

**جواب:** البیرونی کا پورا نام برہان الحق ابوریحان محمد بن احمد ہے۔

**.14 البیرونی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟** (Knowledge) [DGK-II-GUJ-II-23][GRW-II-24]

**جواب:** البیرونی وسطی ایشیا کے شہر خوارزم میں کاث کے مقام پر 4 ستمبر 973ء میں پیدا ہوئے۔

**.15 وادی سندھ کے متعلق البیرونی نے کیا کہا؟** (Analytical) [SWL-I-23]

**جواب:** البیرونی پہلا شخص تھا جس نے یہ نظریہ پیش کیا کہ وادی سندھ کسی زمانے میں سمندر تھی جو کہ بعد میں آہستہ آہستہ ریت اور کیچڑ جمع ہونے سے وادی سندھ بنی۔

**.16 بوعلی سینا کی لکھی ہوئی دو کتابوں کے نام لکھیے۔** (Knowledge) [FSD-I-23][LHR-II,GRW-I,FSD-I,II,SGD-I-24]

**جواب:** **بوعلی سینا کی لکھی ہوئی دو کتابوں کے نام درج ذیل ہیں:**

(i) کتاب الشفا (ii) القانون فی الطب

**.17 سائنس کے میدان میں بوعلی سینا کے دو کارنامے لکھیں۔** (Understanding) [SGD-I-23]

**جواب:** **سائنس کے میدان میں بوعلی سینا کے دو کارنامے درج ذیل ہیں:**

(i) بوعلی سینا کیمیادان اور دواساز تھے۔وہ پہلے کیمیادان تھے جنھوں نے اس خیال کو رد کیا کہ عام دھاتوں کو سونے میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔

(ii) طب کے موضوع پر ابن سینا کا انسائیکلوپیڈیا"القانون فی الطب"ایک سند کی حیثیت رکھتا ہے۔اس کتاب میں انسانی اعضا کی ساخت اور بناوٹ کو بیان کیا گیا ہے۔

**.18 ڈاکٹر عبدالسلام کو ان کے کس نظریے کے لیے نوبل پرائز دیا گیا؟** (Knowledge) [LHR-II-23][DGK-II-24]

**جواب:** ڈاکٹر عبدالسلام نے دو بنیادی فورسز یعنی کمزور نیوکلیائی فورس اور الیکٹرومیگنیٹ فورس کو یکجا کرنے کا نظریہ پیش کیا۔لہٰذا نظریاتی فزکس کے شعبے میں اعلیٰ تحقیق کی بنا پر 1979ء میں وین برگ اور گلوشو کے ساتھ نوبل انعام دیا گیا۔

**.19 دو پاکستانی سائنس دانوں کے نام لکھیں۔** (Knowledge) [SGD-I-23][RWP-II-24]

**جواب:** **دو پاکستانی سائنس دانوں کے نام درج ذیل ہیں:**

(i) ڈاکٹر عبدالسلام (ii) ڈاکٹر عبدالقدیر خان

**.20 ڈاکٹر عبدالسلام کب اور کہاں پیدا ہوئے۔** (Knowledge) [SGD-II-23][RWP-II-24]

**جواب:** ڈاکٹر عبدالسلام 29 جنوری 1926 میں سنتوک داس ضلع ساہیوال میں پیدا ہوئے۔

**.21 ڈاکٹر عبدالقدیر خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟** (Knowledge) [MTN-II-23]

**جواب:** ڈاکٹر عبدالقدیر خان یکم اپریل 1936ء کو بھارت کے شہر بھوپال میں پیدا ہوئے۔

**.22 ڈاکٹر منیر احمد خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟** (Knowledge) [MTN-I-23]

**جواب:** ڈاکٹر منیر احمد خان 1926ء میں قصور میں پیدا ہوئے۔

**.23 پاکستان نے ایٹمی دھماکے کب اور کہاں کیئے؟** (Knowledge) [RWP-I-23][MTN-II-24]

**جواب:** پاکستان نے 28 مئی 1998ء کو بلوچستان میں چاغی کے مقام پر کامیاب نیوکلیئر تجربات کیے جس کے نتیجے میں پاکستان ایٹمی طاقت بن گیا۔

**.24 کہوٹہ ریسرچ لیبارٹری کا نیا نام کیا ہے؟** (Knowledge) [FSD-II,DGK-I-22,SWL-I/II-23]

**جواب:** کہوٹہ ریسرچ لیبارٹری کا نیا نام "ڈاکٹر اے کیو خان ریسرچ لیبارٹریز" ہے۔

**.25 ڈاکٹر ثمر مبارک مند کے سائنسی کارنامے لکھیے۔** (Application) [DGK-I-23][DGK-II-24]

**جواب:** ڈاکٹر ثمر مبارک مند نے پاکستان کے لیے 6 نیوکلیائی ٹیسٹ کیے۔یہ 6 نیوکلیائی ٹیسٹ 28 اور 30 مئی 1998ء میں نہایت کامیابی کے ساتھ کیے گئے۔اس کے علاوہ انھوں نے نیشنل ڈیولپمنٹ کمپلیکس کے ڈی۔جی کی حیثیت سے شاہین میڈیم رینج میزائل نہ صرف ڈیزائن اور تیار کیا بلکہ نہایت کامیابی سے 15 اپریل 1999ء کو ان کا تجربہ بھی کیا۔

# 1.4 سائنس کی شاخیں

**26. سائنس کی کوئی سی چار شاخوں کے نام لکھئے۔** **(Knowledge)** [FSD-II-23]

**جواب:** سائنس کی کوئی سی چار شاخوں کے نام درج ذیل ہے:

(i) فزکس (ii) کیمسٹری (iii) بائیولوجی (iv) علم فلکیات

**27. فزکس کی تعریف کیجیے اس کی دو شاخوں کے نام لکھیے۔** **(Knowledge)** [RWP-II-DGK-II-FSD-II-23][SGD-II-24]

**جواب: فزکس:** فزکس وہ علم ہے جو بالخصوص مادی اشیاء اور ان کی توانائی وغیرہ سے متعلق ہوتا ہے۔فزکس کو پیمائش کی سائنس کا نام دیا گیا ہے۔ کیونکہ اس کا علم زیادہ تر ناپ تول سے ہے۔ مکینکس ،حرارت، روشنی، آواز اور الیکٹریسٹی وغیرہ اس کی اہم شاخیں ہیں۔

**28. کیمسٹری کی تعریف لکھیے۔** **(Knowledge)** [LHR-I-MTN-I-FSD-I-23][SGD-I,MTN-II-24]

**جواب: کیمسٹری:** کیمسٹری سائنس کی وہ شاخ ہے جس میں مختلف اشیا کی ماہیت اور ترکیب اور ان کے کیمیائی خواص کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

**29. بائیولوجی کی تعریف کیجئے اور اس کی دو بڑی شاخوں کے نام لکھئے۔** **(Knowledge)** [LHR-II-23][SWL-I-24]

**جواب: بائیولوجی (Biology):** بائیولوجی دو یونانی الفاظ بائی اوس (Bios) اور لوگوس (Logos) سے ماخوذ ہے۔ بائی اوس کا مطلب ہے زندگی اور لوگوس کا مطلب ہے بحث۔لہٰذا سائنسی طریقوں سے جانداروں کا مطالعہ کرنے کے علم کو بائیولوجی کہتے ہیں۔

**بائیولوجی کی دو شاخوں کے نام مندرجہ ذیل ہیں:**

(i) باٹنی (Botany) (ii) زوولوجی (Zoology)

**30. جابر بن حیان کے دو کارنامے تحریر کیجئے۔** **(Knowledge)** [RWP-II, FSD-I-23][GRW-II,MTN-II,BWP-I-24]

**جواب:** جابر بن حیان کو علمِ کیمیا کا بانی کہا جاتا ہے۔

(i) جابر بن حیان نے کچ دھاتوں کو پگھلا کر صاف کرنے ،فولاد تیار کرنے ، چمڑا بنانے ، کپڑا رنگنے ،لوہے کو زنگ سے بچانے کے طریقے معلوم کیے۔

(ii) سلفیورک ایسڈ، نائٹرک ایسڈ اور ہائڈروکلورک ایسڈ پہلی دفعہ جابر بن حیان نے ہی تیار کیے تھے۔

**31. باٹنی اور زوالوجی میں فرق لکھیں۔** **(Understanding)** [MTN-II-23][GRW-II,MTN-I,DGK-I,II,BWP-II-24]

**جواب: باٹنی:** پودوں کے متعلق علم کو باٹنی یعنی علم نباتات کہتے ہیں۔اس میں پودوں کی ساخت اور ان کی نشوونما اور ماحول کے بارے میں بحث کرتے ہیں۔

**زوالوجی:** جانوروں کے متعلق علم کو زوالوجی یعنی علم حیوانات کہتے ہیں۔اس میں جانوروں اور انسانوں کی جسامت اور ان کے ماحول کے بارے میں بحث کرتے ہیں۔

**32. علم فلکیات کیا ہے؟** **(Knowledge)** [LHR-I-23]

**جواب: علم فلکیات:** فلکی اجسام مثلاً سورج ، چاند، ستاروں اور سیاروں کے علم کو علم فلکیات یا آسٹرونومی کہا جاتا ہے۔فلکیات کے مطالعہ میں ریاضی اور فزکس کے علوم کا بہت بڑا حصہ ہے۔

**33. آسٹرانومی کیا ہے؟** **(Knowledge)** [BWP-I-23]

**جواب: آسٹرانومی (Astronomy):** فلکی اجسام مثلاً سورج، چاند، ستاروں اور سیاروں کے علم کو علم فلکیات یا آسٹرونومی کہا جاتا ہے۔فلکیات کے مطالعہ میں ریاضی اور فزکس کے علوم کا بہت بڑا حصہ ہے۔

**34. زراعت کیا ہے؟** **(Understanding)** [LHR-I-23]

**جواب: زراعت:** کھیتی باڑی کے طریقے، گوشت اور دودھ دینے والے جانوروں کو پالنے کا علم زراعت کہلاتا ہے۔فصلوں کی بیماریاں، ان سے بچاؤ کے طریقے، زراعت میں استعمال ہونے والے آلات، مشینیں۔کھادیں اور جراثیم کش ادویات کی تیاری وغیرہ اسی سائنس میں شامل ہیں۔

**35. میڈیسن کی تعریف کیجیے۔** **(Knowledge)** [FSD-II-SGD-23][LHR-I-24]

**جواب:** میڈیسن سائنس کی وہ شاخ ہے جو جانداروں کے اجسام کی ساخت ،امراض کی تشخیص ،طریقہ علاج ، ادویات کی تیاری، تشخیص اور علاج میں استعمال ہونے والے آلات اور مشینوں کے علم سے متعلق ہے۔

**.36 جیوگرافی کی تعریف لکھیں۔** **(Knowledge)** **[SGD-I-23][BWP-II-24]**

**جواب:** ''جیو'Geo' کا مطلب ہے 'زمین' ''گرافی'' graphy کا مطلب ہے 'گراف بندی' یعنی جیوگرافی (Geography) کے تحت زمین کے مختلف حصوں (خشکی وتری) کے علاقوں کی گراف بندی کی جاتی ہے۔اس میں کرۂ ارض کے خدوخال، زمین، پانی، نباتات، ہوا اور انسانوں کے باہمی تعلقات کے بارے میں بحث کی جاتی ہے۔

**.37 بائیوفزکس اور جیوفزکس میں کیا فرق ہے؟** **(Knowledge)** **[LHR-II-23]**

**جواب:** **بائیوفزکس:** فزکس کے اصولوں کو مدنظر رکھ کر بائیولوجی کا مطالعہ بائیوفزکس کہلاتا ہے۔

**جیوفزکس:** زمین کی اندرونی ساخت اور دوسرے زمینی مظاہر کی فزکس کے قوانین سے وضاحت جیوفزکس کہلاتا ہے۔

**.38 آسٹروفزکس کیا ہے؟** **(Knowledge)** **[MTN-I-23][GRW-II-24]**

**جواب:** **آسٹروفزکس:** اجرام فلکی کے بارے میں فزکس کے حوالے سے وضاحت آسٹروفزکس کہلاتی ہے۔

**.39 بائیوکیمسٹری کی تعریف کریں۔** **(Analytical)** **[GUJ-I-23]**

**جواب:** **بائیوکیمسٹری:** کیمسٹری کے اصولوں کو مدنظر رکھ کر بائیولوجی کا مطالعہ بائیوکیمسٹری کہلاتا ہے۔

## 1.5 سائنس اور ٹیکنالوجی کا ہماری زندگی میں کردار

**.40 ٹیکنالوجی کیا ہے؟ زمانہ قدیم کی کچھ ٹیکنالوجیز کے نام لکھئے۔** **(Understanding)** **[GUJ-II-RWP-I-FSD-II-23][GRW-I-24]**

**جواب:** انسانی زندگی کے عملی مقاصد کے لیے سائنسی علم کا اطلاق ٹیکنالوجی کہلاتا ہے۔ ہماری روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والی اشیا مثلاً کمہار کا چاک، لوہار کی بھٹی، جولاہے کا تکلہ، کسان کا ہل اور رہٹ، چپوؤں سے چلنے والی کشتیاں وغیرہ سب زمانہ قدیم کے علم اور اس کی ٹیکنالوجی ہیں۔

**.41 کمپیوٹر کے کوئی سے دو فوائد لکھئے۔** **(Application)** **[LHR-I-23][SGD-I,DGK-I-24]**

**جواب:** **کمپیوٹر کے دو فوائد مندرجہ ذیل ہیں:**

(i) کمپیوٹر سے ای۔میل کے ذریعے پیغام رسانی کی جا سکتی ہے۔

(ii) کمپیوٹر کی مدد سے گھر بیٹھے ملکی وغیر ملکی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

**.42 بجلی کے دو فوائد لکھئے۔** **(Application)** **[LHR-I-23][RWP-I-24]**

**جواب:** **بجلی کے دو فوائد درج ذیل ہیں:**

(i) بجلی نہ صرف روشنی مہیا کرتی ہے بلکہ یہ گھروں اور کارخانوں میں ہزاروں مختلف مشینوں کو چلاتی ہے۔

(ii) اس سے صنعتی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔

## 1.6 موجودہ سائنس کی حدود

**.43 موجودہ سائنس کی قدرتی آفات میں خدمات لکھیں۔** **(Application)** **[LHR-II-17, FSD-I,MTN-II-22, DGK-I,SWL-II-23]**

**جواب:** تمام تر تحقیقات اور ترقی کے باوجود کئی آفات پر کنٹرول حاصل نہیں کیا جا سکا۔ مثلاً زلزلوں کی تباہ کاریاں اسی طرح ہیں۔ وقت سے پہلے ان سے متعلق آگاہی اور مناسب احتیاطی اقدامات میں سائنسدان کامیاب نہیں ہو سکے۔ اسی طرح دیگر قدرتی آفات کا مقابلہ کرنے میں انسان بے بس ہے۔

الغرض انسانی ترقی جاری ہے۔ ہر وقت نئی دریافتیں ہو رہی ہیں اور علم کا دائرہ وسیع تر ہو رہا ہے۔

سائنس میں تحقیقات اور جستجو کا یہ سلسلہ اگر اسی رفتار سے جاری رہا تو مستقبل آج سے یقیناً زیادہ خوبصورت ہوگا۔

## مشق

☆ **خالی جگہ پر کریں۔**

**(i)** جابر بن حیان **علم کیمیا** کا ماہر تھا۔

**(ii)** جانداروں کے مشاہدے اور معائنے کے علم کو **بائیولوجی** کہتے ہیں۔

**(iii)** بوعلی سینا مسلم دنیا کا **ارسطو** کہلاتا ہے۔

**(iv)** زندگی کی ابتدا **پانی** سے ہوئی۔

(v) **محمد بن زکریا الرازی** نے کیمیائی مرکبات کو چار اقسام یعنی معدنیات، نباتاتی، حیواناتی اور ماخوذ مرکبات میں تقسیم کیا۔

(vi) مسلمان سائنسدان **جابر بن حیان** کو کیمیا کا بانی تصور کیا جاتا ہے۔

(vii) ''کتاب المناظر'' **روشنی کی خصوصیات** پر پہلی جامع کتاب ہے۔

☆ **مندرجہ ذیل بیانات میں صحیح بیان کے آگے'' ✔ ''اور غلط بیان کے آگے'' ✖ ''کا نشان لگائیں۔**

(i) بوعلی سینا طب کے بانیوں میں سے تھے۔ ✔

(ii) جابر بن حیان ہی نے سب سے پہلے چیچک اور خسرہ کے اسباب، علامات اور علاج پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ ✖

(iii) جابر بن حیان فزکس کے ماہر تھے۔ ✖

(iv) کتاب لمناظر البیرونی کی تصنیف ہے۔ ✖

(v) جانوروں کے علم کو باٹنی کہتے ہیں۔ ✖

(vi) جانوروں اور پودوں کی زندگی میں بہت سے امور مشترک ہیں۔ ✔

☆ **درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔**

1. **ابن الہیثم کا تعلق سائنس کی کس شاخ سے ہے؟**

A آواز    B حرارت    c روشنی    D کیمیائی

2. **البیرونی کی شہرہ آفاق کتاب کا نام کیا ہے؟**

A کتاب المناظر    B الحادی    C المنصوری    d تحریر الاماکن

3. **مکینکس، حرارت، روشنی اور آواز کا تعلق کس سائنس سے ہے؟**

A علم الارض    B فلکیات    C کیمسٹری    d فزکس

## مختصر سوالات

☆ **مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔**

(i) **سائنس سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** سائنس ایک لاطینی لفظ (Scientia) سے اخذ کیا گیا ہے جس کے لغوی معنی حقائق کا اصلی شکل میں باقاعدہ مطالعہ کرنا ہے۔

## تفصیلی سوالات

1. **سائنس کی اہم شاخوں کے نام لکھیے۔ ہر ایک شاخ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**
2. **سائنس کی ترقی کے لیے کام کرنے والے دو مسلمان سائنسدانوں کے نام اور اہم کارنامے تحریر کیجیے۔**
3. **چند مشہور پاکستانی سائنسدانوں کے نام اور ان کے اہم کارنامے بیان کیجیے۔**
4. **سائنس کی حدود کیا ہیں؟**
5. **ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟ زمانہ قدیم کی ٹیکنالوجی کی کوئی مثال دیجیے۔**
6. **بائیولوجی کی تعریف کریں۔ نیز وضاحت کریں کہ یہ سائنس کی ایک شاخ ہے۔**
7. **قرآنِ حکیم میں سائنس اور علم کی اہمیت کا ذکر آیا ہے۔ جواب کی وضاحت دو قرآنی آیات کے حوالے سے کریں۔**
8. **فزکس کیا ہے؟ اس کی اہم شاخوں کے نام لکھیے۔**

AL-RAZI PUBLICATIONS

# الرازی

# اَپ ٹوڈیٹ

# مَاڈل پیَپرز

## بورڈ پیپرز (پہلا گروپ، دوسرا گروپ)

## 2025

# فیصل آباد بورڈ (پہلا گروپ) 2025

D D M M Y Y Y Y Date: Morning (M) Evening (E)

Roll No. | Paper Code

رول نمبر: ____________ پیپر کوڈ: 4111

وقت: 20 منٹ (معروضی طرز) کُل نمبر: 15

**نوٹ:** ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A،B،C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**.1 سائنسدان جس نے پہلی مرتبہ بے ہوش کرنے کے لیے افیون کا استعمال کیا:**

A بوعلی سینا B البیرونی C جابر بن حیان D محمد بن زکریا الرازی

**.2 سال جس میں ڈاکٹر منیر احمد خان پیدا ہوئے:**

A 1925ء B 1926ء C 1927ء D 1928ء

**.3 آئیوڈین کی کمی انسانوں میں بیماری کا باعث بنتی ہے:**

A گلہڑ B کینسر C کالرا D ملیریا

**.4 ہوا میں نائٹروجن کی مقدار بلحاظ حجم موجود ہے:**

A 76% B 78% C 80% D 82%

**.5 فیٹس کے ہضم ہونے سے بننے والے کیمیائی مرکبات کہلاتے ہیں:**

A فیٹی ایسڈز B امائینو ایسڈز C آر این اے D ڈی این اے

**.6 سائنس دان جس نے خون کے گروپس دریافت کیے:**

A تھامسن B فلیمنگ C لینڈسٹینر D مورگن

**.7 سکروی بیماری جس وٹامن کی کمی سے لاحق ہوتی ہے:**

A A B B C C D D

**.8 انرجی کی اکائی ہے:**

A نیوٹن B کیلوری C کلوگرام D کلومیٹر

**.9 انسولین کی کمی سے انسان میں بیماری ہو جاتی ہے:**

A بلڈ پریشر B ہارٹ اٹیک C ذیابیطس D بخار

**.10 دماغی بیماری ہے:**

A برونکائٹس B ٹیٹنس C کالرا D سائیکوسس

**.11 تھریڈ ورمز کی لمبائی ہو سکتی ہے:**

A 1 cm B 2 cm C 3 cm D 4 cm

**.12 بیماری جس سے بی سی جی (BCG) بچوں کو بچاتا ہے:**

A ٹی بی B ہیپاٹائٹس C خسرہ D وہوپنگ کف

**.13 شعاعیں جن کو اوزون زمین تک پہنچنے سے روکتی ہے:**

A الفا B بیٹا C گیما D الٹراوائلٹ

**.14 جانور جو پاکستان معدوم ہونے کے خطرے سے دوچار ہے:**

A مارکو پولو بھیڑ B گائے C بکری D چیتا

**.15 پاکستان میں رینگنے والے جانوروں کی قریباً اقسام موجود ہیں:**

A 25 B 50 C 125 D 150

AL-RAZI PUBLICATIONS

| وقت: 2 گھنٹے 10 منٹ | (انشائی طرز) | کُل نمبر: 60 |
|---|---|---|

## حصّہ اوّل

**سوال نمبر 2: کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔** 2 × 6 = 12

(i) ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟
(ii) سائنس کی تعریف کیجیے۔
(iii) پن ہول کیمرہ کس نے ایجاد کیا؟
(iv) البیرونی کی مشہور کتاب کا نام کیا ہے؟
(v) آسٹروفزکس کی تعریف کیجیے۔
(vi) فوٹوسنتھی سز کی مساوات لکھیے۔
(vii) پانی کی دو طبعی خصوصیات لکھیے۔
(viii) آئیوڈین کے دو استعمالات لکھیے۔
(ix) نائٹروجن چکر سے کیا مراد ہے؟

**سوال نمبر 3: کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔** 2 × 6 = 12

(i) میٹابولزم کن دو اجزا پر مشتمل ہے؟
(ii) جسم میں کاربوہائیڈریٹس کے دو کردار بیان کیجیے۔
(iii) انزائمز اور کوانزائمز میں فرق بیان کیجیے۔
(iv) ڈی این اے ریپلیکیشن سے کیا مراد ہے؟
(v) پینسلین اور ٹیٹرا سائیکلین میں دو فرق تحریر کیجیے۔
(vi) کاربوہائیڈریٹس کے حصول کے چار ذرائع تحریر کیجیے۔
(vii) وٹامنز کی کون سی دو بڑی اقسام ہیں؟
(viii) جسم کے مختلف حصوں اور افعال کے درمیان ربط قائم رکھنے کے لیے جسم میں کون سے دو سسٹم کام کرتے ہیں؟
(ix) جسم میں انسولین کا کیا کردار ہے؟

**سوال نمبر 4: کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔** 2 × 6 = 12

(i) انفلوئنزا یا فلو کی علامات تحریر کیجیے۔
(ii) نارکوٹکس سے کیا مراد ہے؟
(iii) تمباکو نوشی کے دو مضر اثرات لکھیے۔
(iv) ملیریا کیسے پھیلتا ہے؟
(v) ڈینگی بخار کی دو وجوہات تحریر کیجیے۔
(vi) گلوبل وارمنگ سے کیا مراد ہے؟
(vii) فضائی آلودگی کی دو وجوہات تحریر کیجیے۔
(viii) وائلڈ لائف ریزروز سے کیا مراد ہے؟
(ix) فوسل فیولز کے ماحول پر دو اثرات لکھیے۔

## حصّہ دوم

**نوٹ: کُل تین سوالات کے جوابات لکھیں، ہر سوال کے آٹھ نمبر ہیں۔**

**سوال نمبر 5: (ا) سائنس کی تاریخ پر نوٹ لکھیے۔** 4
**(ب) جابر بن حیان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟** 4
**سوال نمبر 6: (ا) منجمد ہونے پر پانی کیوں پھیلتا ہے؟ وضاحت کیجیے۔** 4
**(ب) ایلوٹروپی کیا ہے؟ کاربن کی ایلوٹروپک فارمز بیان کیجیے۔** 4
**سوال نمبر 7: (ا) ویکسین کیا ہے؟ اس کی دریافت اور اہمیت بیان کیجیے۔** 4
**(ب) پچوٹری اور تھائی رائیڈ گلینڈز کو وضاحت سے بیان کیجیے۔** 4
**سوال نمبر 8: (ا) تھریڈ ورم پر نوٹ لکھیے۔** 4
**(ب) کالرا کی احتیاطیں تحریر کیجیے۔** 4
**سوال نمبر 9: (ا) فضائی آلودگی کے اثرات بیان کیجیے۔** 4
**(ب) ماحول کے لیے جنگلی حیات کی اہمیت بیان کیجیے۔** 4

# فیصل آباد بورڈ (دوسرا گروپ) 2025

رول نمبر: ____________ پیپر کوڈ: 4112

وقت: 20 منٹ (معروضی طرز) کُل نمبر: 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

Date: D D M M Y Y Y Y Morning (M) Evening (E)

Roll No. | Paper Code

**.1** سرد تہہ جس کا ٹمپریچر 100°C– ہوتا ہے:

A ٹروپوسفیئر B میزوسفیئر C سٹریٹوسفیئر D تھرموسفیئر

**.2** ان میں سے ایک فوسل فیول نہیں ہے:

A کول B لکڑی C تیل D گیس

**.3** امریکہ کی سالانہ اوسط شرح اضافہ آبادی ہے:

A 0.5 % B 0.6 % C 0.7 % D 0.8 %

**.4** اسکیرس نامی کیڑا کس بیماری میں پایا جاتا ہے؟

A رنگ ورم B تھریڈورم C راؤنڈورم D کالرا

**.5** ایک سے دوسرے کو لگنے والی بیماری ہے:

A تھریڈورم B رنگ ورم C راؤنڈورم D ملیریا

**.6** ملیریا بخار کس مچھر کے کاٹنے سے ہوتا ہے:

A مادہ مچھر B نر مچھر C ایڈیز ایجپٹائی D شہد کی مکھی

**.7** جس غذائی اجزاء کی سب سے کم مقدار کی جسم میں ضرورت ہے:

A کاربوہائیڈریٹس B وٹامنز C پروٹین D فیٹس

**.8** جسم کے غیر ارادی افعال کو کنٹرول کرنے کے لیے ہارمون ہے:

A تھائی راکسن B ایپی نیفرین C ایڈرینل D انسولین

**.9** 100 گرام انڈے میں کلوکیلوریز ہیں:

A 180 B 190 C 195 D 199

**.10** خون کے انجماد کے لیے ضروری ہے:

A ریڈ بلڈ سیلز B وائٹ بلڈ سیلز C پلیٹلیٹس D سیرم

**.11** بائیوٹیکنالوجی کی اصطلاح جس سال متعارف ہوئی:

A 1960ء B 1970ء C 1980ء D 1990ء

**.12** ہوا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کی مقدار جس عمل سے بڑھتی ہے:

A فوٹوسنتھیسز سے B ریسپائریشن سے C جلنے سے D ویپرز بننے سے

**.13** پتوں میں سوڈیم کی مقدار ہوتی ہے:

A 0.01 – 10 % B 10 – 15 % C 12 – 16 % D 16 – 20 %

**.14** ابن الہیثم کا تعلق سائنس کی کس شاخ سے ہے؟

A آواز B حرارت C روشنی D کیمسٹری

**.15** البیرونی کی شہرہ آفاق کتاب کا نام ہے:

A کتاب المناظر B الحاوی C المنصوری D تحریر الاماکن

AL-RAZI PUBLICATIONS

| وقت: 2 گھنٹے 10 منٹ | (انشائی طرز) | کُل نمبر: 60 |
|---|---|---|

## حصہ اوّل

**سوال نمبر 2: کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔** 2 × 6 = 12

(i) سائنسی طریقہ کار سے کیا مراد ہے؟
(ii) علم کے بارے میں دو احادیث بیان کیجیے۔
(iii) البیرونی کی دو خدمات بیان کیجیے۔
(iv) ڈاکٹر عبدالسلام نے کن دو فورسز کو یکجا کرنے کا نظریہ پیش کیا؟
(v) باٹنی اور زوآلوجی میں کیا فرق ہے؟
(vi) ریسپائریشن جانداروں کے لیے کیوں ضروری ہے؟
(vii) کاربن کی دو ایلوٹروپک فارمز کے نام لکھیے۔
(viii) برف پانی کی سطح پر کیوں تیرتی ہے؟
(ix) کون سے دو عوامل کی وجہ سے ہوا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کی فیصد مقدار مستقل رہتی ہے؟

**سوال نمبر 3: کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔** 2 × 6 = 12

(i) بائیوکیمسٹری سے کیا مراد ہے؟
(ii) فیٹی ایسڈ کی تعریف کیجیے۔
(iii) خون کے ABO سسٹم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
(iv) جینوم کی تعریف لکھیے۔
(v) کیٹابولزم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
(vi) انسولین کا جسم میں کیا کردار ہے؟
(vii) فرسٹ ایڈ کی تعریف کیجیے۔
(viii) ہارمونز کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
(ix) وٹامن ای کی کمی سے کون سی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں؟

**سوال نمبر 4: کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔** 2 × 6 = 12

(i) ہوا سے جراثیم کیسے پھیلتے ہیں؟
(ii) ہیپاٹائٹس بی کی علامات لکھیے۔
(iii) سٹرلائزیشن سے کیا مراد ہے؟
(iv) ڈرگ سے کیا مراد ہے؟
(v) گرین ہاؤس کی تعریف کیجیے۔
(vi) وائلڈ لائف ریزورز سے کیا مراد ہے؟
(vii) ایٹماسفیئر کی تعریف کیجیے۔
(viii) فوسل فیولز سے کیا مراد ہے؟
(ix) ہم ڈینگی کو ''بریک بون'' فیور کیوں کہتے ہیں؟

## حصہ دوم

**نوٹ: کُل تین سوالات کے جوابات لکھیں، ہر سوال کے آٹھ نمبر ہیں۔**

**سوال نمبر 5: (ا) موجودہ سائنس کی حدود کیا ہیں؟ بیان کیجیے۔** 4
**(ب) جابر بن حیان کی سائنسی خدمات تحریر کیجیے۔** 4
**سوال نمبر 6: (ا) ہوا میں نائٹروجن گیس کا کردار تحریر کیجیے۔** 4
**(ب) وضاحت کیجیے کہ پانی ایک یونیورسل سالوینٹ ہے۔** 4
**سوال نمبر 7: (ا) پینسلین کس فنگس سے حاصل ہوتی ہے؟ یہ نیرو سپیکٹرم اینٹی بائیوٹکس کیوں کہلاتی ہے؟** 4
**(ب) کاربوہائیڈریٹس پر نوٹ لکھیے۔** 4
**سوال نمبر 8: (ا) ہیپاٹائٹس کیا ہے؟ ہیپاٹائٹس اے پر نوٹ لکھیے۔** 4
**(ب) پھیپھڑوں کی بیماریوں پر نوٹ لکھیے۔** 4
**سوال نمبر 9: (ا) آبی آلودگی پر نوٹ لکھیے۔** 4
**(ب) انسانی سرگرمیوں کے آب و ہوا پر اثرات بیان کیجیے۔** 4

AL-RAZI PUBLICATIONS

# الرازی
# اَپ ٹو ڈیٹ
# ماڈل پیپرز

## حل شدہ بورڈ پیپرز

## 2025 (پہلا گروپ، دوسرا گروپ)

(iii) اینٹی بائیوٹیک ڈرگز سے کیا مراد ہے؟

جواب: اینٹی بائیوٹک ادویات وہ ہیں جو بیکٹیریا سے پیدا ہونے والی بہت سی بیماریوں کا علاج کرتی ہیں وہ بیماریاں جو وائرس سے پیدا ہوتی ہے اور ان پر اینٹی بائیوٹک ادویات بے اثر ہوتی ہیں۔ جیسے کہ نزلہ، زکام اور خسرہ وغیرہ۔

مثالیں: پینسلین اور ٹیٹرا سائیکلین اینٹی بائیوٹک کی مثالیں ہیں۔

(iv) ڈینگی بخار کی علامات لکھیے۔

جواب: ڈینگی بخار میں جلد پر سرخ دھبے بنتے ہیں۔ پیچیدگی کی صورت میں ناک، مسوڑھوں وغیرہ سے خون بھی آ سکتا ہے۔ اس کیفیت کو Dengue Hemorrhagic Fever (DHF) یا Dengue Shock Syndrome (DSS) کہتے ہیں۔

Bone marrow کے متاثرہ ہونے سے پلیٹ لیٹس نہیں بن پاتے اور ان کی تعداد کم ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے بلیڈنگ کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

(v) HIV وائرس کا مکمل نام تحریر کیجیے۔

جواب: ایڈز کا وائرس ایچ آئی وی Human Immuno Deficiency Virus کا مخفف ہے۔

(vi) پولٹری پروڈکٹس کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: پولٹری مصنوعات میں مرغی، بطخ اور دیگر پرندوں کا گوشت اور انڈے شامل ہوتے ہیں۔ یہ غذائیت سے بھرپور ہوتے ہیں اور پروٹین، وٹامنز اور منرلز کا اہم ذریعہ فراہم کرتے ہیں۔

(vii) فوسل فیولز سے کیا مراد ہے؟

جواب: زمانہ قدیم کے پودوں اور جانوروں کی باقیات جو زمین میں دفن ہو گئیں اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ زمین کی تپش اور دباؤ کی وجہ سے کوئلے، تیل اور گیس میں تبدیل ہو گئیں، ان کو فوسل فیولز کہتے ہیں۔

(viii) زمینی آلودگی کے اسباب لکھیے۔

جواب: زمین پر میونسپل کوڑا کرکٹ (Trash) سیوریج گار، کیمیکل انڈسٹری کا فالتو کیمیائی مواد اور زراعتی ناکارہ مادے، زمینی آلودگی کا سبب بنتے ہیں۔

(ix) آلودگی کی تعریف کیجیے۔

جواب: آلودگی (Pollution) سے مراد ہوا، زمین اور پانی کی خصوصیات میں ایسی ناخوشگوار تبدیلی ہوتی ہے۔ جس سے انسان اور دوسرے جانداروں کی زندگی پر برے اثرات مرتب ہوتے ہیں یا مستقبل میں ہونے کا اندیشہ ہو۔

## فیصل آباد بورڈ (گروپ I) 2025ء

### ﴿معروضی طرز﴾

| | | |
|---|---|---|
| 1. D محمد بن زکریا الرازی | 2. B 1926ء | 3. A گلہڑ |
| 4. B 78% | 5. A فیٹی ایسڈز | 6. C لینڈسٹینر |
| 7. C C | 8. B کیلوری | 9. C ذیابیطس |
| 10. D سائیکوسس | 11. A 1 cm | 12. A ٹی بی |
| 13. D الٹراوائلٹ | 14. A مارکو پولو بھیڑ | 15. D 150 |

### ﴿انشائی طرز﴾

**سوال نمبر 2: کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔**

(i) ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟

جواب: انسانی زندگی کے عملی مقاصد کے لیے سائنسی علم کا اطلاق ٹیکنالوجی کہلاتا ہے۔

(ii) سائنس کی تعریف کیجیے۔

جواب: سائنس ایک لاطینی لفظ Scientia سے اخذ کیا گیا ہے جس کے لغوی معانی حقائق کا اصلی شکل میں باقاعدہ مطالعہ کرنا ہے۔ سائنس کا بنیادی اصول مشاہدہ اور استدلال ہے۔

(iii) پن ہول کیمرہ کس نے ایجاد کیا؟

جواب: ابن الہیثم نے پن ہول کیمرہ ایجاد کیا۔

(iv) البیرونی کی مشہور کتاب کا نام کیا ہے؟

جواب: البیرونی کی مشہور کتاب کا نام ''تحریرالاماکن'' ہے۔

(v) آسٹروفزکس کی تعریف کیجیے۔

جواب: اجرام فلکی کے بارے میں فزکس کے حوالے سے وضاحت آسٹروفزکس کہلاتی ہے۔

(vi) فوٹوسنتھی سز کی مساوات لکھیے۔

جواب: کاربن ڈائی آکسائیڈ + پانی —(سورج کی روشنی / کلوروفل)→ گلوکوز + آکسیجن

(vii) پانی کی دو طبعی خصوصیات لکھیے۔

جواب: (1) پانی ایک بے رنگ اور بے بو مائع ہے۔

(2) پانی کا فریزنگ پوائنٹ 0°C اور بوائلنگ پوائنٹ 100°C ہے۔

(viii) آئیوڈین کے دو استعمالات لکھیے۔

جواب: (1) یہ ایلیمنٹ رنگین فوٹوگرافی اور ادویات سازی میں استعمال ہوتا ہے۔

(2) آئیوڈین 131 تھائی رائڈ گلینڈز کے علاج کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

(ix) نائٹروجن چکر سے کیا مراد ہے؟

جواب: وہ عمل جس میں نائٹروجن جانداروں سے مٹی اور مٹی سے جانداروں میں منتقل ہوتی رہتی ہے نائٹروجن چکر کہلاتا ہے۔

**سوال نمبر 3: کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔**

(i) میٹابولزم کن دو اجزا پر مشتمل ہے؟

جواب: (1) کیٹابولزم (2) اینابولزم

(ii) جسم میں کاربوہائیڈریٹس کے دو کردار بیان کیجیے۔

جواب: (1) کاربوہائیڈریٹس جانداروں کی ساخت اور افعال میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

(2) یہ سیل کے لیے انرجی کا سب سے بڑا ماخذ ہیں۔

**(iii) انزائمز اور کوانزائمز میں فرق بیان کیجیے۔**

**جواب: انزائمز:** انزائمز بائیوکیمیکل تعاملات میں بطور کیٹالسٹ استعمال ہوتے ہیں اور اپنی نیچر (Nature) میں پروٹین ہوتے ہیں۔ انزائمز مختلف کیٹابولک اور اینابولک ری ایکشنز کو تیز کر دیتے ہیں۔

**کوانزائمز:** کچھ انزائمز کو کیٹابولک پروسیس کی ادائیگی کیلئے بعض دوسرے کمپاؤنڈز کی ضرورت ہوتی ہے، جنہیں کوانزائمز کہتے ہیں۔ کوانزائمز نان پروٹین مادے ہوتے ہیں۔

**(iv) ڈی این اے ریپلیکیشن سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** کسی ڈی۔این۔اے مالیکیول کا اپنے جیسا دوسرا ڈی۔این۔اے مالیکیول بنانا ڈی۔این۔اے ریپلیکیشن کہلاتا ہے۔

**(v) پینسلین اور ٹیٹرا سائیکلین میں دو فرق تحریر کیجیے۔**

**جواب: پینسلین:** پینسلین، ایک فنگس سے حاصل کی جاتی ہے جس کا نام پینسیلیئم ہے۔ کیونکہ یہ بیکٹیریا کی محدود اقسام کے خلاف مؤثر ثابت ہوتی ہے۔ اس لیے پینسلین نیرو سپیکٹرم بائیوٹکس کہلاتی ہے۔

**ٹیٹرا سائیکلین:** ٹیٹرا سائیکلینز، سٹرپٹو مائیسز بیکٹیریا بناتے ہیں جو کہ بیکٹیریا کی بہت سی اقسام کے خلاف استعمال ہو سکتی ہیں۔ اس لیے انہیں براڈ سپیکٹرم اینٹی بائیوٹکس کہتے ہیں۔

**(vi) کاربوہائیڈریٹس کے حصول کے چار ذرائع تحریر کیجیے۔**

**جواب:** کاربوہائیڈریٹس گندم، چاول، مکئی، جوار اور باجرہ کاربوہائیڈریٹس کے ذرائع ہیں۔

**(vii) وٹامنز کی کوئی سی دو بڑی اقسام ہیں۔**

**جواب: (1) چربی میں حل پذیر وٹامنز:** اس قسم کے وٹامنز میں E,D,A اور K جیسے وٹامنز شامل ہیں۔

**(2) پانی میں حل پذیر وٹامنز:** ان میں وٹامن B اور C شامل ہیں۔

**(viii) جسم کے مختلف حصوں اور افعال کے درمیان ربط قائم رکھنے کے لیے جسم میں کون سے دو سسٹم کام کرتے ہیں؟**

**جواب:** جسم کے مختلف حصوں کے اور اُن کے افعال کے درمیان رابطہ اور نظم و ضبط بہت ضروری ہے۔ اس ربط کو قائم کرنے کے لیے ہمارے جسم میں دو سسٹمز کام کرتے ہیں، نروس سسٹم اور اینڈوکرائن سسٹم۔

**(ix) جسم میں انسولین کا کیا کردار ہے؟**

**جواب:** انسولین خون میں گلوکوز کی مقدار کو کم کرتا ہے اور اسے مقررہ حد تک لانے میں مدد دیتا ہے۔ انسولین کی کمی پر انسان ذیابیطس کا شکار ہو جاتا ہے۔

**سوال نمبر 4: کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔**

**(i) انفلوئنزا یا فلو کی علامات تحریر کیجیے۔**

**جواب:** اس بیماری میں گلا خراب ہوتا ہے۔ مریض کو بخار اور کھانسی ہوتی ہے۔ ناک کی جھلی اور آنکھوں سے پانی بہتا ہے۔ سر درد اور پٹھوں میں شدید اینٹھن محسوس ہوتی ہے۔ معمولی کام کاج کے بعد تھکاوٹ محسوس ہوتی ہے۔

**(ii) نارکوٹکس سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** نارکوٹکس ایسی ادویات ہیں جو کہ درد سے نجات دلائیں اور نیند، غنودگی اور نشہ طاری کریں "نارکوٹکس" کہلاتی ہیں۔ مثلاً: اوپیم، مارفین۔

**(iii) تمباکو نوشی کے دو مضر اثرات لکھیے۔**

**جواب:** تمباکو نوشی والا نکوٹین کا عادی ہو جاتا ہے۔ نکوٹین کا ایک بڑا اثر یہ ہے کہ اس سے خون کی شریانیں سکڑ جاتی ہیں جس سے خون کا جسم کے تمام حصوں تک پہنچنا مشکل ہو جاتا ہے۔

تمباکو نوشی کرنے والوں کے پھیپھڑوں کے خلیوں کے اردگرد ٹار جمع ہوتا رہتا ہے جس سے پھیپھڑوں کے کام کرنے کی صلاحیت متاثر ہوتی ہے۔ ٹار ایک ایسا مادہ ہے جو پھیپھڑوں کا کینسر پیدا کرتا ہے۔

**(iv) ملیریا کیسے پھیلتا ہے؟**

**جواب:** ملیریا کا مرض انسان میں مادہ اینوفلیز (Anopheles) مچھر کے کاٹنے سے پھیلتا ہے۔ اس مرض میں پہلے سردی سے کپکپاہٹ ہوتی ہے۔ بعد میں تیز بخار (104°F) سے جسم گرم ہو جاتا ہے۔ اگر دائمی بخار ہو تو مریض کی تلی بڑھ جاتی ہے۔ تیسری سٹیج میں مریض کو پسینہ آتا ہے اور بخار کم ہو جاتا ہے۔ نیز یہ پاکستان میں جولائی سے نومبر کے درمیان ہوتا ہے۔

**(v) ڈینگی بخار کی دو وجوہات تحریر کیجیے۔**

**جواب: (1)** ڈینگی بخار انسان کو ڈینگی سے متاثرہ مچھر کے کاٹنے سے ہوتا ہے۔

**(2)** آلودہ پانی (جس میں مادہ مچھر نے انڈے دیے ہوں) کو پینے سے ڈینگی بخار ہو سکتا ہے۔

**(vi) گلوبل وارمنگ سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** گرین ہاؤس ایفیکٹ کی وجہ سے کرہ ارض کے ٹمپریچر میں اضافہ ہو رہا ہے، اسے گلوبل وارمنگ کہتے ہیں۔

**(vii) فضائی آلودگی کی دو وجوہات تحریر کیجیے۔**

**جواب: (1)** فیکٹریوں، گاڑیوں اور انرجی پیدا کرنے والے یونٹوں میں ایندھن کا جلنا۔

**(2)** اشیا کی تیاری کے دوران کارخانوں اور بھٹیوں سے نکلنے والے فالتو مادے اور ذرات مثلاً ایسبسٹاس فائبر (Asbestos Fibre) زنک اور لیڈ کے ذرات۔

**(viii) وائلڈ لائف ریزروز سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** جنگلی حیات کے تباہ شدہ مسکن کو پھر سے آباد کر دیا جائے۔ اس سلسلے میں بعض علاقے جنگلی حیات کے لیے مخصوص کر دیے جاتے ہیں جنہیں وائلڈ لائف ریزروز (Wildlife reserves) اور وائلڈ لائف پارکس (Wildlife parks) کہا جاتا ہے۔ یہ ایسے علاقے ہوتے ہیں جہاں جانداروں کو ان کا قدرتی ماحول فراہم کیا جاتا ہے اور انسانی مداخلت ممنوع قرار دی جاتی ہے۔

**(ix) فوسل فیولز کے ماحول پر دو اثرات لکھیے۔**

**جواب:** فوسل فیولز کا روز بروز بڑھتا ہوا استعمال ماحولیاتی مسائل بھی پیدا کر رہا ہے مثلاً فوسل فیول کے جلنے سے بہت سی گیسیں اور دھواں پیدا ہوتا ہے جو ماحول کو آلودہ کر دیتا ہے اس کے علاوہ، کوئلے اور تیل کی کھدائی کے دوران بہت سی زمین، جنگلات اور جانداروں کی قدرتی آماجگاہیں ضائع ہو جاتی ہیں۔

